سوال

(800)استغفار، تسبیح اور تہلیل کی فضیلت کو پیش نظر رکھوں یا قرآن مجید کی منزل پختہ کروں؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

استغفاراور تسبیح و تہلیل کی بہت تاکید آئی ہے لیکن میں اگر اپنی قرآن مجید کی منزل پوری رکھوں تو پھر مندرجہ بالا تسبیحات سو سو دفعہ نہیں پڑھ سکتی۔ قرآن مجید زبانی یاد کیا ہوا ہے اگر منزل کم کرکے ذکرو اذکار کی تسبیحات شروع کروں تو قرآن مجید بھولنا شروع ہو جاتا ہے۔ اگر دونوں کو جاری رکھوں تو صحت ساتھ نہیں دیتی کونسا راستہ اختیار کروں۔ (کے طاہرہ) (۷مارچ ۱۹۹۷ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

تلاوتِ قرآن کے عمل کو جاری رکھیں اور تسبیح و تہلیل کے وِرد کو بقدرِ استطاعت۔

لَا یُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا ۲۸٦ ... سورة البقرة

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3،تلاوۃِ قرآن : صفحہ:551

محدث فتویٰ